# جمہوریہ کوریا میں رہنے والے غیر ملکی باشندگان

# کے لیے اس موسمِ سرما میں نئی COVID-19 بوسٹر کے لیے رہنمائی

COVID-19 کے دو مختلف وائرسز کے خلاف ویکسین کی دستیابی کی توسیع
نئی COVID-19 بوسٹر ویکسین کے لیے اہلیت میں 18 سال اور اس سے زائد عمر کے افراد کے لیے توسیع کر دی جائے گی۔ سنگین امراض اور اموات کے خلاف بہتر تحفظ کے لیے براہِ کرم یہ نئی بوسٹر لگوائیں۔

## ویکسین کی اہلیت

18 سال اور اس سے زائد عمر کے وہ افراد جنہوں نے اپنی ابتدائی ویکسینیشن کی سیریز مکمل کرلی ہو

18 سال اور اس سے زائد عمر
- ✓ پہلی خوراک
- ✓ دوسری خوراک

## خوراکی وقفہ

COVID-19 کی آخری خوراک کے بعد 120 دن

*یہ تجویز دی جاتی ہے کہ جن افراد کو COVID-19 ہو چکا ہے، وہ COVID-19 ویکسین کی آخری خوراک یا COVID-19 انفیکشن، جو بھی بعد میں واقع ہو، کے 4 ماہ بعد بوسٹر لگوائیں۔

## ویکسین کی قسم

Omicron پر مبنی دو وائرسز کے خلاف ویکسین
- Moderna BA.1
- Pfizer BA.1
- Pfizer BA.4/5

※نوٹ: COVID-19 کی ری کمبینٹ ویکسینز (Novavax یا Skycovione) کو COVID-19 mRNA ویکسینز کے متبادل کے طور پر دیا جاسکتا ہے

## ویکسین کا اپائنٹمنٹ

1. رجسٹرڈ غیر ملکی: آن لائن، فون پر اور اُسی دن کے اپائنٹمنٹس دستیاب ہیں

※بوسٹر کے لیے بکنگز 27 اکتوبر سے شروع ہوچکی ہیں۔ بوسٹر کی خوراک 11 نومبر کو لگائی جائے گی (اُسی دن کے اپائنٹمنٹ دستیاب ہیں)

2. غیر رجسٹرڈ غیرملکی: عوامی مرکزِ صحت سے جاری کردہ عارضی مینجمنٹ نمبر کے ساتھ کال کرکے یا ویکسینیشن سائٹ وزٹ کرکے اپائنٹمنٹ طے کریں
3. وہ افراد جنہوں نے جمہوریہ کوریا سے باہر ویکسینیشن کی بنیادی سیریز مکمل کرلی ہے: عوامی مرکزِ صحت میں اپنا ویکسینیشن ریکارڈ رجسٹر کروانے کے بعد اپائنٹمنٹ طے کریں

### ※نوٹ

آن لائن بکنگ پورٹل سائٹ : https://ncvr.kdca.go.kr (کسی اور کے نام پر بکنگ کروانے کی سہولت دستیاب ہے)
فون اپائنٹمنٹ: KDCA کال سینٹر کو 1339 پر یا مقامی حکومت کے کال سینٹر پر کال کریں
اُسی دن کا اپائنٹمنٹ: اضافی ویکسینز کے لیے بکنگز بذریعہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز بشمول Kakaotalk اور Naver پر آن لائن یا براہِ راست طبی مراکز میں کال کرکے دستیاب ہوسکتی ہیں۔

※ مرکز برائے غیر ملکی افرادی قوت میں 1577-0071 پر کال کرکے مشاورت حاصل کی جاسکتی ہے (365 دن دستیاب ہے)